سوال

(37) نماز پڑھنے والے کے پاس بلند آواز سے قراءت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اسلام کسی مسلمان یا مسلمانوں کی جماعت کے لیے اس بات کو ناجائز قرار دیتا ہے کہ وہ بلند آواز سے قرآن مجید یا کوئی اور چیز پڑھیں جب کہ لوگ نماز پڑھ رہے ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام اس بات کو جائز قرار نہیں دیتا کہ مسجدوں میں اس وقت بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت کی جائے یا ذکر کیا جائے یا کوئی دینوی بات کی جائے جب لوگ نماز پڑھ رہے ہوں کیونکہ اس طرح ان کی نماز میں خلل پڑنے کا اندیشہ ہے اور حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نے اس طرح بلند آواز سے قرآن مجید پڑھنے سے منع فرمایا۔

(ابوداود التطوع باب رفع الصوت بالقراءة صلاة اللیل حدیث :1332 مسند احمد :3/97)

اور اگر کوئی شخص بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت یا ذکر اس وقت کرے جب جماعت ہو تو وہ معصیت کا ارتکاب کرتا ہے کہ نماز باجماعت میں شریک نہیں ہوتا اور بلند آواز سے تلاوت یا ذکر کرکے مسلمانوں کو تشویش میں مبتلا کرتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص42

محدث فتویٰ